روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 18 نومبر 2005ء 15 شوال 1426 ہجری 18 نبوت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 257

بھائی کیلئے دعا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ کسی شخص کی اللہ کی خاطر اپنے بھائی کیلئے دعا قبول ہوتی ہے۔

(الجہاد لابن المبارک جلد 1 ص 164 حدیث نمبر 2164)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جیسا کہ تدبیر اور دعا کا باہمی رشتہ قانون قدرت کی شہادت سے ثابت ہوتا ہے ایسا ہی صحیفہ فطرت کی گواہی سے بھی یہی ثبوت ملتا ہے۔ جیسا کہ دیکھا جاتا ہے کہ انسانی طبائع کسی مصیبت کے وقت جس طرح تدبیر اور علاج کی طرف مشغول ہوتی ہیں ایسا ہی طبعی جوش سے دعا اور صدقہ اور خیرات کی طرف جھک جاتی ہیں۔ اگر دنیا کی تمام قوموں پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اب تک کسی قوم کا کانشنس اس متفق علیہا مسئلہ کے برخلاف ظاہر نہیں ہوا۔ پس یہی ایک روحانی دلیل اس بات پر ہے کہ انسان کی شریعت باطنی نے بھی قدیم سے تمام قوموں کو یہی فتویٰ دیا ہے کہ وہ دعا کو اسباب اور تدابیر سے الگ نہ کریں بلکہ دعا کے ذریعہ سے تدابیر کو تلاش کریں۔ غرض دعا اور تدبیر انسانی طبیعت کے دو طبعی تقاضے ہیں کہ جو قدیم سے اور جب سے کہ انسان پیدا ہوا ہے دو حقیقی بھائیوں کی طرح انسانی فطرت کے خادم چلے آئے ہیں۔ اور تدبیر دعا کے لئے بطور نتیجہ ضروریہ کے اور دعا تدبیر کے لئے بطور محرک اور جاذب کے ہے اور انسان کی سعادت اسی میں ہے کہ وہ تدبیر کرنے سے پہلے دعا کے ساتھ مبدء فیض سے مدد طلب کرے تا اس چشمۂ لازوال سے روشنی پا کر عمدہ تدبیریں میسر آ سکیں۔

ایک اور اعتراض ہے جو پیش کیا گیا ہے اور وہ یہ کہ ''کوئی تقدیر معلق نہیں ہوسکتی اور کوئی الہامی پیشگوئی جو شرطی طور پر ہو خدا تعالیٰ کی عادت کے برخلاف ہے''۔ سو واضح رہے کہ یہ اعتراض بھی ایسا ہی دھوکا ہے جیسا کہ پہلا دھوکا تھا۔ انسانوں کی طبیعتیں ہمیشہ سے اس طرف مائل ہیں کہ اگر وہ قبل نزول بلا اطلاع دی جائیں کہ فلاں وقت تک بلا آنے والی ہے تو وہ دعا اور صدقہ سے رد بلا چاہتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی باطنی شریعت نے نوع انسان کے صحیفہ فطرت پر یہی نقش لکھا ہے اور یہی فتویٰ دیا ہے کہ دعاؤں اور صدقات کے ساتھ بلائیں دفعہ ہو جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی تمام قومیں طبعاً اس بات کی طرف مائل ہیں کہ کسی بلا کے نزول کے وقت یا خوف نزول کے وقت دعاؤں پر زور مارتے ہیں۔ ایک جہاز پر سوار ہونے والے جب غرق ہونے کے آثار پاتے ہیں تو کس طرح گڑگڑاتے اور روتے ہیں۔ قرآن شریف میں حضرت نوحؑ سے لے کر ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تک جس قدر نافرمانوں کے حق میں انذاری پیشگوئیاں ذکر فرمائی گئی ہیں وہ سب شرطی طور پر ہیں جن کے یہی معنے ہیں کہ فلاں عذاب تم پر آنے والا ہے پس اگر تم توبہ کرو اور نیک کام بجالاؤ تو وہ موقوف رکھا جائے گا۔ ورنہ تم ہلاک کئے جاؤ گے۔ ایسی پیشگوئیوں سے قرآن بھرا پڑا ہے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 231)

ہاتھ سے کام کرنا ہمارا طرہ امتیاز ہونا چاہئے

حضرت امام جماعت ثانیؓ نے فرمایا:۔

اپنے ہاتھ سے کام کرنا یہ ہمارا طرہ امتیاز ہونا چاہئے۔ جیسے بعض قومیں اپنے اندر بعض خصوصیتیں پیدا کر لیتی ہیں۔ وہ قومیں جو سمندر کے کنارے پر رہتی ہیں۔ وہ نیوی میں بڑی خوشی سے بھرتی ہوتی ہیں۔ لیکن اگر انفنٹری میں بھرتی ہونے کے لئے کہا جائے تو اس کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوں گے۔ اور اگر پنجاب کے لوگوں کو نیوی میں بھرتی ہونے کے لئے کہا جائے تو وہ اس سے بھاگتے ہیں۔ لیکن انفنٹری میں خوشی سے بھرتی ہوتے ہیں۔ یہ صرف عادت کی بات ہے۔ پس ہمارے خدام کو یہ ذہنیت اپنے اندر پیدا کرنی چاہئے کہ یہ مشینوں کا زمانہ ہے اور آئندہ زندگی میں وہ مشینوں پر کام کریں گے اگر کارخانوں میں کام نہ کر سکو تو ابتداء میں لڑکوں میں ان کھیلوں کا ہی رواج ڈالو جن میں لوہے کے پرزوں سے مشینیں بنانی سکھائی جاتی ہیں۔ مثلاً لوہے کے ٹکڑے ملا کر چھوٹے چھوٹے ہل بناتے ہیں۔ پنگھوڑے، ریلیں اور ایسی بعض اور چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ ایسی کھیلوں سے یہ فائدہ ہوگا کہ بچوں کے ذہن انجینئرنگ کی طرف مائل ہوں گے۔''

(مرسلہ: نظارت امور عامہ)

ماہر امراض قلب کی آمد

مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب ماہر امراض قلب درج ذیل شیڈول کے مطابق فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

26 نومبر نماز مغرب کے بعد

27 نومبر بوقت 8-00 بجے صبح تا 2-00 بجے دوپہر

ضرورت مند احباب میڈیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر پرچی روم سے اپنا نمبر حاصل کر لیں۔ بغیر ریفر کروائے ڈاکٹر صاحب کو دکھانا ممکن نہ ہو گا۔ احباب استفادہ کے لئے تشریف لائیں۔ اور مزید معلومات کے لئے استقبالیہ سے رابطہ کریں۔ وزیٹنگ فیکلٹی (Visiting Faculty) کا اعلان ویب سائٹ پر بھی کیا جاتا ہے۔

(www.foh-rabwah.org) (ایڈمنسٹریٹر)

سخن حق

عشق والوں کی جبیں میں ایسی تابانی بھی ہے
ماند جس کے سامنے سورج کی پیشانی بھی ہے

گریہ زاری اس کے در پر ہے تبسم کی دلیل
ہاں مسرتِ آفریں یہ اشک افشانی بھی ہے

خلعت و پوشاک کی عاشق کو حاجت کیا بھلا!
جو کہ مست حال، محوِ چاک دامانی بھی ہے

راج کرتا ہے دلوں پر کون بے تیغ و سپاہ؟
چشمک مسرور میں انداز سلطانی بھی ہے

انقلابی ساز پر رقصاں ہے روح کائنات
ہستئ نو پا رہی پھر نوع انسانی بھی ہے

وہ پرستش خواہشوں کی دعوے توحید پر
یہ خدا دانی تری مثل صنم دانی بھی ہے

آہ وہ منطق تری، وائے وہ پیہم قیل و قال
تیری دانائی کی تہ میں درد نادانی بھی ہے

از سر نو گر عدو ہے مائل جورو ستم
تو جبیں میری میں پیدا تازہ جولانی بھی ہے

راہ اسماعیل پر چلتے ہیں اب بھی سینکڑوں
زندہ اس کی ہر زماں وہ روح قربانی بھی ہے
احمدیت کی صدا ہے ترجمانِ شرق و غرب
جس کو حاصل ہر گھڑی تائید ربانی بھی ہے

پا گیا مقصود آزادئ ہستی کا وہی
جو کہ قید عشق کا ہر آن زندانی بھی ہے

غرق کر سکتا ہے یکدم لشکر فرعون کو
میرے ہر اک اشک میں وہ زور طغیانی بھی ہے

آتش نمرود سے آخر ہمیں ہو خوف کیا!
مثل باراں جبکہ میری آنکھ کا پانی بھی ہے

عبدالسلام

سمالی لینڈ میں خون سے گلستان احمدیت کی آبیاری

علامہ حضرت حافظ روشن علی صاحب کے بھائی حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ آپ نے حضرت صاحبزادہ سید عبداللطیف صاحب رئیس اعظم خوست کے صرف پانچ چھ ماہ بعد سمالی لینڈ میں حق وصداقت کے لئے 10 جنوری 1904ء کو اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

اس سانحہ دلربا کے تعلق میں حضرت ڈاکٹر ممتاز علی خاں صاحب اسسٹنٹ ہاسپٹل بربرانے مرکز احمدیت قادیان میں تحریر فرمایا:-

”یہ عاجز نہایت ہی افسوس کے ساتھ عرض پرداز ہے کہ مورخہ 10 جنوری 1904ء کی جدبالی لڑائی میں (جس میں عاجز اور ڈاکٹر صاحب بھائی صاحب جمن خان صاحب بھی شامل تھے) ہمارے محسن و مربی بھائی صاحب اور محترم بزرگ یعنی ڈاکٹر رحمت علی صاحب دشمن کے ہاتھ سے (قربان) ہو کر داخل جنت ہوئے۔ حیف صد حیف دشمن کے نہایت ہی قریب آ جانے کے باعث سمالی انفنٹری بھاگ پڑی اس وقت آپ کے شکم میں گولی لگی۔ کچھ دیر بعد آپ گھوڑے پر سوار نہ رہ سکے۔ اور گر پڑے۔ تب دو زانو............ بیٹھ کر کلمہ شہادۃ بآواز بلند ورد زبان رکھا بعدہ شیطان سیرۃ مردود دشمن نے بھالوں سے ہلاک کیا۔ وہاں ہی آپ کے نمک حلال وفادار سمالی اردلی نے اپنے آقا پر جان فدا کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے اور پس ماندگان کو صبر جمیل بخشے آمین۔ ثم آمین۔

ان کا انگریز ڈاکٹر صاحب لیفٹیننٹ یورپین بھی وہاں ہی مارا گیا۔ لڑائی 11 بجے تک ہوتی رہی ہزار کوشش کی کہ نعش مبارک کو لا کر دفن کریں لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ منظور نہ تھا۔ ڈاکٹر جمن خان صاحب نے اپنے افسروں کو کہہ کر نعش منگانے کی کوشش کی۔ میں نے اپنے افسروں سے کہہ کر معاملہ اپنے جنرل صاحب تک پہنچایا۔ آخر ایک پارٹی آپ کو لانے کے لئے گئی مگر افسوس کہ وہاں پر ہی دفن کر آئے۔ اور ہم جنازہ سے بھی محروم رہے افسوس صد افسوس۔ محترم و مرحوم بھائی صاحب جماعت کے گراں بہا اور اولوالعزم جان نثار تھے آپ کی وفات حسرت آیات البدر والحکم میں شائع کر کے احمدی جماعت سے نمازہ جنازہ کی درخواست کی جاوے۔ تو از حد عنایت ہوگی۔ جو صدمہ ہم چند احمدی برادران کو گزرا ہے وہ تحریر سے باہر ہے (۔) سمالی لینڈ کے سب احمدی جماعت کی طرف سے آنصاحب کے پس ماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی اور اظہار تاسف بھی تحریر فرماویں۔ حضرت اقدس کی خدمت میں دعائے مغفرت کے لئے عرض کریں۔ زیادہ نیاز یکے از عاجزان خاکسار ممتاز علی خان صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ از بربرا

(بدر 10 فروری 1904ء صفحہ 7)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

شفقتوں اور محبتوں کی پر لطف اور پر لذت داستان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی یادوں کے نقوش

ہر ایک سے پیار

ہر ایک سے شفقت۔ اپنا ہو یا پرایا بچوں سے شفقت، بڑوں سے شفقت، انسانوں سے شفقت، جانوروں سے شفقت، جانداروں سے شفقت، بے جان چیزوں سے شفقت، حضور کی شفقت کا ایک پہلو حضور کی 1981ء کی جلسہ سالانہ کی تقریر سے نمایاں ہے۔ حضور نے اپنی آخری تقریر میں دعائیں کرواتے ہوئے فرمایا۔

"جب یہ کہا اللہ نے کہ ہر ایک سے پیار کرنا، کسی سے دشمنی نہ کرنا تو ہماری دعا کے دائرے میں ساری دنیا آ جاتی ہے سارے انسان نہیں میں کہہ رہا ہوں ساری دنیا آ جاتی ہے............ مثلاً ایٹم کے ذرہ کا یہ حق ہے کہ جماعت احمدیہ خدا کے حضور عاجزانہ دعا کرے اور ایٹم کے ذرہ کا یہ ہم سے مطالبہ ہے کہ دعا کرو کہ اے خدا انسان کو ایٹم کی طاقت کے غلط استعمال سے بچا تاکہ ایٹم کے ذرہ کو دکھ نہ پہنچے کہ خدا نے مجھے پیدا خدمت کے لئے کیا تھا اور بنا دیا انسان کے ہاتھ نے انسان کا دشمن۔"

حضور کے یہ دعائیہ کلمات، حضور کے دل میں سب کے لئے محبت اور شفقت کا ناقابل تردید ثبوت ہیں۔ ایک نہیں ہزاروں واقعات ہیں بلکہ لاکھوں واقعات ہیں جو ہمارے دلوں میں حضور کی یاد کے چراغ چلاتے ہیں۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر 242)

اپنے بچوں کی طرح حسن سلوک

مکرم محمود احمد صاحب بنگالی تحریر کرتے ہیں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سیدہ منصورہ بیگم نے مجھے کچھ چیزیں دیں۔ مجھے صحیح طرح یاد نہیں کہ پیسٹری، کیک یا مٹھائی کا پورا ڈبہ تھا اور کسی نے نہیں کھولا تھا۔ حضور نے دیکھ کر فرمایا کہ مجھے بھی تو چکھنے دو۔ بعد میں فرمانے لگے کے اصل میں تو تعلق ہوتا ہے۔ میں میٹھا وغیرہ کم کھاتا ہوں ڈبہ میں سے مٹھائی صرف اس لئے چکھی ہے کہ میں اپنے گھر کے بچوں کے ساتھ جس طرح کا سلوک کرتا ہوں وہی تم لوگوں سے کرتا ہوں تاکہ تمہیں احساس نہ ہو کہ تم گھر سے دور ہو اور والدین کی شفقت کی کمی شدت سے محسوس نہ ہو۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 15، 16)

میری ذمہ داری ہے کہ تم لوگوں کا خیال رکھوں

مکرم محمود احمد صاحب شاہد سابق صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ تحریر کرتے ہیں:۔

قبل خلافت میں نے حضرت میاں ناصر احمد صاحب کو بہت شفیق رنگ میں پایا۔ جب آپ کالج میں پرنسپل تھے تو ہم انہیں ملنے جاتے اور آپ کے مشرقی پاکستان کے دورہ کرنے کے بعد سے تعلقات مزید بڑھے۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ گھر ملنے گئے تو اندر لے گئے اور خود اپنے ہاتھ سے کئی چیزیں دیں اور کہتے کہ جب جی چاہے آ جایا کرو۔ میری ذمہ داری ہے کہ تم لوگوں کا ہر طرح خیال رکھوں۔

ان دنوں آپ کے کالج کے مکان میں کبوتر بھی تھے۔ ایک دفعہ کسی طالب علم نے جامعہ کی گراؤنڈ میں بھی بندوق چلائی۔ ایک دو دن بعد ہم انہیں ملنے گئے تو ہنس کر کہنے لگے کسی نے میرے کبوتر مارے، تم لوگوں کو بھی دیا ہے یا نہیں۔ میں نے کہا نہیں تھوڑا سالن لے آئے کہ شام کو کھا لینا۔ یہ بہت معمولی بات ہے مگر جہاں تک اثر کا تعلق ہے وہ تو جس کے ساتھ ہو وہی جانتا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ ہے کہ میں اس وقت چھوٹا تھا۔ گھر سے پہلی مرتبہ باہر نکلا۔ اس قسم کے واقعات نے ہمارے دل کو لبھانے میں بہت بڑا کردار ادا کیا۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 14)

نوکری دلوادی

محترم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب کو کچھ عرصہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا پرائیویٹ سیکرٹری بننے کا شرف حاصل ہوا۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

ایک دن میں پاس بیٹھا ڈاک پیش کر رہا تھا۔ محترم سید داؤد احمد صاحب مرحوم تشریف لائے علیک سلیک کے بعد کہنے لگے بھائی کیا آپ کو باجوہ صاحب نے بتایا ہے کہ ان کا بیٹا بی۔ اے میں پاس ہو گیا ہے (اس دن نتیجہ نکلا تھا) فرمایا نہیں۔ اور دریافت فرمایا باجوہ صاحب کیا منیر پاس ہو گیا ہے۔ محترم سید داؤد احمد صاحب کے کہنے کے بعد مجھ سے تصدیق بھی ایک پیار کا انداز تھا۔ پھر فرمایا اب کیا ارادہ ہے۔ میں نے عرض کیا جو حضور فرمائیں اس میں برکت ہوگی۔ یہ ذکر یہاں ہی ختم ہو گیا۔ تین چار ہفتہ کے بعد حضور کا ایک دوست جو ایک بنک کا بڑا افسر تھا ملنے آیا۔ وہ جب باہر نکلا تو مجھے کہا اپنے بیٹے کو کسی وقت میرے پاس بھیج دیں اور وہ چلا گیا۔ اس نے مجھ سے کوئی کوائف دریافت نہ کئے۔ ایک دن میرا بیٹا اس کے پاس گیا اور تقرری کا پروانہ لے کر واپس آ گیا۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر 87)

شیریں اور لذیذ انجیر

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی تحریر کرتے ہیں:۔

واقفین زندگی اور کارکنان کے ہاں حضور کبھی کبھی تحائف بھی بھجوایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ حضور مجلس انصار اللہ کے صدر کی حیثیت سے حیدر آباد۔ (سندھ) تشریف لے گئے۔ وہاں سے مختلف قسم کی نہایت اعلیٰ قسم کی لذیذ کھجوریں لائے۔ ان میں سے کھجوروں کی ایک وافر مقدار خاکسار کے گھر بھی بھجوائی۔ لانے والے کے ہاتھ یہ پیغام بھجوایا کہ یہ آپ کے بچوں کا حصہ ہے۔ حضور نے اپنی کوٹھی میں انجیر کے دو بہت ہی اعلیٰ قسم کے پودے لگوائے تھے۔ ان پر بہت بڑے بڑے اور نہایت لذیذ انجیر لگتے تھے۔ جب سے میں ماہنامہ 'انصار اللہ' کا ایڈیٹر مقرر ہوا حضور سال کے سال بہت وافر مقدار میں انجیر میرے گھر بھجواتے رہے۔ جب تک حضور کالج والی کوٹھی میں رہائش پذیر رہے شہد بھرے کوزوں (انجیر تھے ہی بہت شیریں اور لذیذ) کا یہ نایاب تحفہ اس ہیچمدان کے گھر باقاعدگی سے پہنچتا رہا۔ اور میں اور میرے بچے بغیر حساب ملنے والے اس تبرک سے جی بھر کر فیض یاب ہوتے رہے۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 109)

شفقت بے پایاں کی مٹھاس

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی تحریر کرتے ہیں:۔

اسی زمانہ کی بات ہے کہ ایک جلسہ سالانہ کے موقع پر چینی کی شدید قلت تھی۔ میں نے مہمانوں کی خدمت میں گڑ کی چائے پیش کرنے کا ارادہ کر رکھا تھا۔ حضور افسر جلسہ سالانہ تھے۔ برادرم سید عبدالباسط صاحب مرحوم نائب معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی ڈیوٹی افسر جلسہ سالانہ کے دفتر میں ہوا کرتی تھی۔ جلسہ سے ایک روز قبل انہوں نے مجھے ایک چٹ دی۔ اس پر افسر صاحب جلسہ سالانہ کی طرف سے ناظم سپلائی کے نام یہ حکم درج تھا کہ مسعود احمد صاحب دہلوی کو ان کے مہمانوں کے لئے پانچ سیر چینی بلا قیمت دے دی جائے۔ اس کے بعد یہ چٹ ہر جلسہ سالانہ کے موقع پر ملتی رہی اور آج تک ملتی چلی آ رہی ہے۔ اس طرح حضور کی شفقت بے پایاں کی مٹھاس سے ہر سال جلسہ سالانہ کے موقع پر میرے ہاں قیام کرنے والے مہمان بھی مسلسل بہرہ یاب ہوتے چلے آ رہے ہیں۔

اسی طرح حضور کو تحفہ میں پانوں کی جوڑ ڈھولیاں آتی تھیں ان میں سے حضور بہت بڑی تعداد میں پان کے اعلیٰ قسم کے پتے خاکسار کو بھی بھجوایا کرتے تھے۔ خاص طور پر اس نوازش بے جا کی وجہ یہ ہوگی کہ میں دلی کا رہنے والا ہوں اور دلی والے تو ہوتے ہی پان خور مشہور۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 109، 110)

شفقت کا ایک نہایت پیارا اور نرالا انداز

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی تحریر کرتے ہیں:۔

حضور کو خدائی تصرفات کے تحت مسند خلافت پر متمکن ہوئے ابھی چند ماہ ہی گزر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے تصرف خاص کے ماتحت مجھے اپنا ذاتی مکان تعمیر کرانے کی توفیق عطا فرمائی۔ میں نے 8/ یا 9/ مارچ 1966ء تک مجوزہ مکان کے لئے بنیادیں کھدوانے اور تعمیر کا سامان فراہم کرنے کے بعد حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر پہلے مکان کی تعمیر کے عزم کا ذکر کیا اور پھر اس کی تکمیل کے لئے اور اس کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی درخواست کی۔ حضور اس اطلاع سے از حد مسرور ہوئے اور پھر مجوزہ مکان کی تفصیلات پوچھیں۔ پھر فرمایا رقم آپ کے پاس کتنی ہے۔ میں نے رقم بتائی۔ فرمایا اس رقم سے مکان تو بن جائے گا لیکن یہ رقم آئی کہاں سے؟ اگر قرض لی ہے تو اتاریں گے کیسے؟ میرے بتانے پر کہ والدہ صاحبہ مرحومہ کی متروکہ جائیداد کے کلیم میں سے شرعی حصہ ملا ہے۔ حضور نے بہت خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا میں نے عرض کیا کہ میری درخواست ہے کہ حضور اپنے دست مبارک سے مکان کا سنگ بنیاد رکھیں۔ فرمایا بنیاد رکھوانی کس دن ہے؟ عرض کیا بنیادیں کھدوانے کے علاوہ تیاری مکمل کر لی ہے۔ حضور جس روز پسند فرمائیں از راہ ذرہ نوازی بنیاد رکھ دیں۔ فرمایا اگر یہ بات ہے تو تم اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاؤ گے۔ کچھ دن انتظار کرو۔ میں دن مقرر کر کے خود بتاؤں گا۔ میں دعا کی درخواست کر کے واپس چلا آیا۔

کچھ دن کے بعد صبح نو بجے حضور نے مجھے یاد فرمایا۔ حاضر خدمت ہونے پر میرے سپرد مسودات کی چیکنگ کا کام کرتے ہوئے فرمایا اسی کمرہ میں ایک طرف بیٹھ کر میری موجودگی میں کام شروع کر دو۔ میں کام میں ہمہ تن مصروف ہو گیا۔ بارہ بجے دوپہر ارشاد ہوا مسودات سمیٹ کر ایک طرف رکھ دو۔ میں انشاء اللہ العزیز آج نماز عصر کے بعد تمہارے مکان کا سنگ بنیاد رکھنے آؤں گا۔ سوچ کر بتاؤ میں نے آج سنگ بنیاد رکھنے کا کیوں فیصلہ کیا ہے؟ پہلے تو وجہ سمجھ میں نہ آئی لیکن خدائی تصرف کے ماتحت بجلی کے کوندے کی طرح ذہن میں ایک خیال آیا۔ میں نے یک دم عرض کیا آج 14 مارچ ہے یعنی وہ مبارک دن

کہ جب خلافت ثانیہ کا قیام عمل میں آیا تھا۔ بہت ہی متبسم انداز میں فرمایا ٹھیک سمجھے ہو۔ اب تمہارے پاس صرف ایک گھنٹہ ہے۔ اس ایک گھنٹہ کے اندر اندر جو تیاری کرنی ہے کرلو اور جن لوگوں کو بلانا ہے انہیں اطلاع کردو۔ ایک بجے واپس آ کر تم نے ظہر کی نماز (بیت) مبارک میں ادا کرنی ہے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد پھر دفتر میں میرے پاس واپس آ جانا ہے۔ جانتے ہو میں نے اتنا تنگ وقت کیوں دیا ہے؟ میں نہیں چاہتا کہ تم مٹھائی کی تقسیم میں اسراف سے کام لو۔ تمہارے پاس رقم تھوڑی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ سنگ بنیاد کی تقریب پر زیادہ رقم خرچ کر کے زیر بار ہو جاؤ۔ میں چلنے لگا تو مزید فرمایا کہ منصورہ بیگم بھی میرے ساتھ آئیں گی۔ کیا انہیں وہاں کسی گھر میں ٹھہرانے کا انتظام ہوسکتا ہے؟ میں نے عرض کیا جس قطعہ زمین پر میں مکان تعمیر کر رہا ہوں اس کے عین سامنے محترم پروفیسر بشارت الرحمٰن صاحب کا مکان ہے۔ حضرت سیدہ ان کے ہاں ٹھہر سکتی ہیں۔ فرمایا درست ہے مگر بشارت الرحمٰن صاحب کو اس کی اطلاع کردیں۔

حضور کا ارشاد سن کر میری خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا۔ اس شفقت پر کہ حضور نے سنگ بنیاد کے لئے 14 مارچ کا مبارک دن مقرر فرمایا میں خوشی سے جھوم اٹھا اور یہ دیکھ کر کہ حضور کو مجھے زیر باری سے بچانے کی کتنی فکر ہے بلا مبالغہ میری آنکھوں سے آنسو رواں ہوگئے۔

میں حضور کے دفتر سے باہر آ کر تیزی سے سیڑھیاں اترتا ہوا وقف عارضی کے دفتر میں داخل ہوا اور حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب مرحوم کی خدمت میں درخواست کی کہ وہ سنگ بنیاد کی تقریب میں ضرور تشریف لائیں۔ حضرت مولانا نے فرمایا میں نے آج بعد نماز عصر بعض بزرگوں اور دوستوں کو چائے پر مدعو کیا ہوا ہے۔ اس کے باوجود میں دعا میں شریک ہونے کے لئے آؤں گا ضرور۔ وہاں سے میں سائیکل پر سیدھا گھر پہنچا۔ بچوں کو اطلاع دی اور ان سے کہا کہ فوری طور پر بازار سے دس سیر لڈو خرید کر زیر تعمیر مکان پر پہنچ جائیں اور محلّہ دارالرحمت غربی کے صدر محترم کیپٹن محمد سعید صاحب کو اطلاع کردیں کہ حضور ان کے محلّہ میں مکان کا سنگ بنیاد رکھنے تشریف لا رہے ہیں وہ اور ان کی مجلس عاملہ کے اراکین تقریب میں ضرور شریک ہوں اس کے بعد میں نے وضو کیا اور نماز ظہر کے لئے (بیت) مبارک میں پہنچ گیا۔ حضور کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے بعد میں دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں گیا اور وہاں بیٹھ کر لگا انتظار کرنے کہ کب حضور دفتر میں دوبارہ طلب فرماتے ہیں۔ میں بیٹھا انتظار کر ہی رہا تھا کہ ایک خادم ہاتھوں میں ٹرے تھامے میرے پاس آیا اور کہا حضور نے اندر سے آپ لئے کھانا بھجوایا ہے۔ یہ لے لیں۔ میں نے حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب مرحوم کے کمرہ میں بیٹھ کر کھانا کھایا۔ حضرت مولانا بھی اس تبرک میں شریک ہوئے۔ کھانے سے فارغ ہوا ہی تھا کہ حضور کی طرف سے پیغام آیا اب آپ جا سکتے ہیں۔ مسودات کی چیکنگ کا بقیہ کام کل ہوگا۔ آپ جا کر سنگ بنیاد کی تقریب کی تیاری کریں۔ اس وقت تک دو بجکر تیس منٹ ہو چکے تھے۔

میں گھر واپس آیا۔ اسی عرصہ میں بچے لڈو خرید کر واپس آ چکے تھے۔ جب بچوں نے محلّہ دارالرحمت غربی کے صدر محترم کیپٹن محمد سعید صاحب کو جا کر سنگ بنیاد کی اطلاع دی تو وہ نماز ظہر کے لئے (بیت) ناصر جا رہے تھے۔ کیپٹن صاحب نے (بیت) میں اعلان کردیا کہ حضور مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد پہلی مرتبہ ہمارے محلّہ میں تشریف لا رہے ہیں۔ اس لئے احباب زیادہ سے زیادہ تعداد میں تقریب میں شریک ہوں۔ ٹاؤن کمیٹی کے سیکرٹری مکرم نور احمد صاحب عابد اسی محلّہ میں رہتے تھے۔ انہوں نے جب سنا کہ حضور تشریف لا رہے ہیں انہوں نے کمیٹی کے تمام جمعداروں کو صفائی پر مقرر کردیا۔ اور اس تمام راستہ پر جس پر سے حضور کی موٹر کار نے گزر کر آنا تھا چھڑکاؤ کرا دیا۔ وقت کی تنگی کے باوجود دیکھتے ہی دیکھتے سب انتظامات ہو گئے۔ اگر میرے پاس وقت ہوتا تو بھی میں اتنے وسیع پیمانہ پر انتظام نہ کرسکتا تھا۔ خدا تعالیٰ نے اپنے خلیفہ برحق کی خاطر پلک جھپکنے میں یہ سب انتظامات کرا دیئے۔

نماز عصر کے بعد لوگ آنا شروع ہوئے اور اس کثرت سے آئے کہ گلی بھر گئی۔ حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب نے اس وقت اپنے گھر پر محترم صاحبزادہ مرزا ظفر احمد صاحب بار ایٹ لاء کے اعزاز میں چائے کی دعوت کا اہتمام کر رکھا تھا۔ خاندان حضرت مسیح موعود (۔) کے متعدد صاحبزادگان بھی مدعو تھے۔ حضرت مولانا کی زبانی جب ان صاحبزادگان کو علم ہوا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث قریب کے محلّہ میں اس خاکسار کے مکان کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم بھی دعا میں شریک ہوں گے۔ چائے واپس آ کر پی لیں گے۔ چنانچہ یہ سب صاحبزادگان بھی حضرت مولانا کی معیت میں تشریف لے آئے۔ ان میں حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد (خلیفۃ المسیح الرابع) بھی شامل تھے آپ نے آتے ہی نقشہ ملاحظہ فرمایا۔ مجوزہ کمروں کا تفصیلی جائزہ لیا اور از حد خوشی کا اظہار فرمایا اور دعاؤں سے نوازا۔ ٹھیک پانچ بجے حضور مع حضرت سیدہ بیگم صاحبہ تشریف لائے اور اپنے دست مبارک سے سنگ بنیاد نصب فرمایا اور دعا کرائی۔ جس میں سینکڑوں کی تعداد میں موجود احباب شریک ہوئے۔

میں کتنی بھی کوشش کرتا اتنی کثیر تعداد میں احباب جماعت اور بزرگوں کو جمع کرنے میں کامیاب نہ ہو سکتا۔ حضور کی توجہ اور شفقت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے سینکڑوں احباب، بزرگوں اور صاحبزادگان کو از خود کھینچ بلایا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے احباب کے دلوں میں اشتعال شوق پیدا کر کے انہیں کھینچے لئے آ رہے ہیں۔ ایک ادنیٰ خادم پر حضور کی شفقت بے پایاں کا یہ کرشمہ تھا اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر اس عاجز کو حضور اور حضور کی اقتداء میں سینکڑوں احباب، بزرگوں اور صاحبزادگان کی مقبول دعاؤں کا مورد بنایا اور پھر میری قلیل رقم میں اس قدر برکت ڈالی کہ مکان تین ماہ سے بھی کم عرصہ میں مکمل ہوگیا اور مکان کی تکمیل کے بعد میرے پاس ڈیڑھ ہزار روپے کی رقم بچ رہی۔ اس کے بعد میرے گھر پر برکتوں کے دروازے کھلتے چلے گئے۔ حضور کے مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد ربوہ کے محلّہ جات میں تعمیر ہونے والا غالباً یہ پہلا رہائشی مکان تھا جس کی بنیاد حضور نے بنفس نفیس تشریف لا کر اپنے دست مبارک سے خود رکھی۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 110 تا 112)

بیرونی ممالک کے سفروں کے دوران خدام پر شفقتوں کی بارش

مکرم مسعود احمد دہلوی صاحب تحریر کرتے ہیں:

خاکسار کو حضور کے بیرونی ممالک کے دوروں میں ایک خادم کی حیثیت سے تین مرتبہ ہمرکابی کا خصوصی شرف حاصل ہوا۔ یہ تینوں غیر ملکی سفر یورپ، امریکہ اور افریقہ کے وسیع دوروں پر مشتمل تھے۔ ان دوروں میں مَیں نے بطور خاص محسوس کیا کہ اپنے ہمراہی خدام پر حضور کا شفقتوں کا بحر بیکراں عجیب مدّ اور تموج کی حالت میں ہوتا۔ حضور اپنے خدام کی ضرورتوں کا از حد خیال رکھتے اور نئے نئے رنگ میں ہر ایک کی عجب دل موہ لینے والے انداز میں دلداری فرماتے۔ ایک تو ہر خادم سے بار بار دریافت فرماتے رہتے کہ کوئی تکلیف تو نہیں ہے۔ تکلیف کا تو سوال ہی نہ تھا تاہم اگر حضور انتظام میں خود کوئی کمی محسوس فرماتے تو اس کے تدارک کا فوراً اہتمام کراتے۔ ان سفروں کے دوران خدام پر شفقتوں کے بے شمار واقعات میں سے چند ایک کا یہاں ذکر کرتا ہوں۔

کمال شفقت کا اظہار

1975ء کے دورۂ یورپ کے وقت حضور طبی معائنہ اور علاج کی غرض سے لندن میں قیام فرما تھے۔ وہاں میرے سوٹ کیس کا تالا خراب ہوگیا اور وہ اس قابل نہ رہا کہ میں اسے سفر پر اپنے ساتھ لے جا سکوں۔ میں نے مجبوراً لندن میں نیا سوٹ کیس خریدنے کا فیصلہ کیا۔ حضور کو کسی طرح اس بات کا علم ہو گیا۔ حضور نے فوراً ہی مجھے پیغام بھجوایا کہ سوٹ کیس نہ خریدیں۔ میں اپنا سوٹ کیس (جو اس وقت میرے استعمال میں ہے) دے دوں گا۔ کیونکہ میں ایک نیا سوٹ کیس خرید رہا ہوں۔ دو تین روز کے اندر اندر حضور نے نیا سوٹ کیس خرید لیا اور اپنا پرانا سوٹ کیس جو بہت قیمتی اور اچھی حالت میں تھا مجھے مرحمت فرما دیا۔ حضور کی اس شفقت کے نتیجہ میں میں زیر بار ہونے سے ہی نہیں بچا بلکہ ایک ایسا تبرک جس کی قیمت کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا میرے حصہ میں آیا۔ وہ یادگار اور تاریخی سوٹ کیس آج بھی میرے استعمال میں ہے اور ہمارے خاندان کے لئے ایک انتہائی متبرک اور قابل فخر سرمایہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ ایک ایسا یادگاری تحفہ ہے جو مجھے اور میری نسلوں کو حضور کی تاحیات جاری رہنے والی شفقتیں یاد دلاتا رہے گا اور وہ اس پر فخر کرتی رہیں گے۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 112، 113)

ہمسفروں پر نوازشات

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی 1975ء کے دورہ یورپ میں حضور کے ہمسفر تھے۔ اس دورے کا ایک واقعہ آپ تحریر کرتے ہیں:۔

لندن پہنچے ہوئے ہمیں ابھی چند روز ہی ہوئے تھے ایک روز حضور نے از راہ شفقت خاکسار سے پوچھا کوئی تکلیف ہو تو بتائیں۔ میں نے عرض کیا کہ کوئی تکلیف نہیں۔ پھر پوچھا کھانا تو ٹھیک مل رہا ہے۔ میں کہہ بیٹھا کہ سالن کے ساتھ ڈبل روٹی کھانے کی ابھی تک عادت نہیں پڑی۔ کھانے کا سارا مزا کرکرا ہو جاتا ہے۔ نوالہ حلق سے ذرا مشکل سے اترتا ہے۔ میرا جواب سن کر حضور مسکرائے اور بات آئی گئی ہوگئی۔ نماز ظہر کے بعد میں اپنے کمرہ میں آ کر بیٹھا ہی تھا کہ کیا دیکھتا ہوں کہ حضور مشن کی تیسری منزل میں جہاں میرا قیام تھا تشریف لا رہے ہیں اور ہاتھ میں چھوٹے سے کپڑے میں کوئی چیز اٹھائی ہوئی ہے اور کسی قدر بلند آواز میں فرما رہے ہیں کہ دہلوی صاحب کہاں ہیں۔ میں دوڑ کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مجھے دیکھتے ہی کپڑا میری طرف بڑھاتے ہوئے فرمایا اس میں دو چپاتیاں ہیں جو خاص آپ کے لئے میں نے پکوائی ہیں۔ میں نے امریکہ سے ہاتھ سے چلنے والی ایک چھوٹی سی چکی منگوائی ہے اس پر بمشکل اتنا آٹا پستا ہے کہ جس سے چار چپاتیاں بن سکیں۔ دو چپاتیاں میں کھاتا ہوں دو چپاتیاں آپ کو روزانہ دونوں وقت مل جایا کریں گی۔ اپنے ایک ادنیٰ خادم پر حضور کی اس غایت درجہ شفقت پر میں ششدر رہ گیا اور زبان گنگ ہو کر رہ گئی۔ میں نے بولنا چاہا لیکن ایک لفظ زبان سے نہ نکلا اور دیوانوں کی طرح ہکا بکا کھڑا فضا میں ادھر ادھر گھورتا رہا۔ حضور کے تشریف لے جانے کے بعد جب ہوش بجا ہوئے تو میں دل میں بہت شرمندہ ہوا کہ میں نے ڈبل روٹی کھانے میں دقت کا اظہار کیوں کیا۔ ہم جتنے دن لندن میں رہے مجھے دونوں وقت دو چپاتیاں باقاعدگی سے ملتی رہیں اور میں حضور کی شفقت بے پایاں کے طفیل لندن میں بھی توے پر پکی ہوئی تازہ روٹی کھاتا رہا۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 114)

دلداری کی انتہا

مکرم مسعود احمد صاحب دہلوی تحریر کرتے ہیں:۔

انہی دنوں کی بات ہے لندن مشن نے حضور کو انگلستان کے مشہور ساحلی مقام برائٹن کی سیر کرانے کا پروگرام بنایا۔ حضور جہاں کہیں بھی تشریف لے جاتے تھے روانگی سے قبل ازخود اس امر کا جائزہ لے لیتے تھے کہ قافلہ کے تمام ارکان ہمراہ ہیں یا نہیں۔ اگر کوئی موجود نہ ہوتا تو اسے بلواتے اور اس کے آنے اور مقررہ موٹر میں سوار ہونے کے بعد روانہ ہوتے۔ میرا قیام لندن مشن ہاؤس کی تیسری منزل پر تھا منتظمین کو اس روز مجھے بتانا یاد نہ رہا کہ آج نماز عصر کے بعد برائٹن جانا ہے۔ میں اپنے کمرہ میں بیٹھا کام کرتا رہا اور حضور مع اہل قافلہ لندن کے متعدد احباب جماعت کے ہمراہ موٹر کاروں کے ذریعہ برائٹن کے لئے روانہ ہو گئے۔ برائٹن لندن سے پینتیس چالیس میل دور ہے۔ پندرہ میل دور جانے کے بعد حضور نے یکدم موٹر کاریں رکوا دیں اور فرمایا جب ہم لندن سے روانہ ہوئے تھے تو مجھے دہلوی صاحب نظر نہیں آئے تھے پتہ کریں وہ ہمراہ ہیں یا نہیں۔ تمام کاریں دیکھ کر بتایا گیا کہ وہ نہیں ہیں عرض کیا گیا کہ انہیں اطلاع دینی یاد نہ رہی اس لئے وہ ساتھ نہیں آ سکے حضور نے حکم دیا کہ ایک موٹر کار ابھی واپس جائے اور دہلوی صاحب کو لے کر سیدھی برائٹن پہنچے۔ حضور دوسری کاروں کے ہمراہ برائٹن کی جانب روانہ ہوئے اور مکرم مولوی عبدالکریم صاحب اپنی کار میں واپس لندن آئے اور مجھے ساتھ لے کر بہت تیز کار چلاتے ہوئے کچھ دیر بعد برائٹن پہنچے۔ حضور کی اس شفقت پر میں ورطۂ حیرت میں ڈوبے بغیر نہ رہا۔ خدام میں سے میرے یا کسی اور کے ہمراہ نہ جانے سے کوئی فرق نہ پڑتا تھا۔ یہ محض حضور کی اپنے خدام پر شفقت اور ان کی دلداری کا خیال تھا کہ حضور نے برائٹن کی سیر میں میری غیر موجودگی کو گوارا نہ کیا۔ اور ایک موٹر کو لندن واپس بھجوا کر مجھے برائٹن بلوایا۔ اس کے بعد حضور نے اپنا یہ معمول بنا لیا کہ روانگی سے قبل تسلی فرما لیتے تھے کہ جملہ اہل قافلہ ہمراہ ہیں یا نہیں۔

(ماہنامہ خالد سیدنا ناصر نمبر ص 113، 114)

خاندان کے افراد

مکرم مولانا ابو المنیر نورالحق صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

آپ کا اپنے ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ افسر اور ماتحت کا سلوک نہیں تھا بلکہ جس طرح ایک خاندان کے افراد ہوتے ہیں اور ان کا ایک سربراہ ہوتا ہے ویسے ہی آپ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سلوک فرماتے۔ اپنی دونوں صاحبزادیوں کی شادی کے موقعہ پر آپ نے خاکسار کو بھی مدعو فرمایا۔ وہاں تعلیم الاسلام کالج کے اساتذہ بھی موجود تھے۔ اسی طرح بعض اور قریبی دوست بھی۔ میں نے بعض وجوہات کی بناء پر اجازت مانگی تو فرمانے لگے کہ میں نے آپ کو اپنے خاندان کے فرد کی حیثیت سے بلایا ہے۔ یہ سب کالج کے اساتذہ بھی اسی حیثیت سے آئے ہیں۔ اس لئے آپ ٹھہریں۔ برات کے آنے پر ان کے ساتھ کھانے میں شامل ہوں، اور فراغت کے بعد جائیں۔ یہی بات مکرم ومحترم مسعود احمد صاحب دہلوی کو (جو اس وقت نائب ایڈیٹر الفضل تھے) فرمائی۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر 127)

سپاسنامۂ عقیدت

مکرم آفتاب احمد صاحب بسمل کراچی تحریر کرتے ہیں:۔

مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے ایک سالانہ اجتماع کا ذکر ہے۔ حضور اپنے مغربی افریقہ کے دورے کے تاثرات بیان فرما رہے تھے۔ ذکر تھا ایک پیراماؤنٹ چیف کا جو اگرچہ احمدی نہیں تھا لیکن اس نے حضور کی خدمت میں جو سپاس نامہ پیش کیا اس کا ذکر کرتے ہوئے حضور کی نظر اپنے اس غلام پر پڑ گئی جو سامنے ہی فرش پر بیٹھا تھا فرمانے لگے ''اس سپاس نامے میں اس افریقی چیف نے اتنی محبت اور اتنے خلوص کا مظاہرہ کیا کہ یوں لگتا تھا گویا یہ سپاس نامہ بسمل صاحب نے لکھا ہے۔'' احباب اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس وقت اس عاجز کے دل کی کیا کیفیت ہوگی۔ یوں محسوس ہوتا تھا کہ جان سے پیارے آقا نے اپنے اس خاک نشین غلام کو ہمدوش ثریا کر دیا ہے۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 177، 178)

اچکن مجھے پکڑا دیں

محترم مولانا نسیم سیفی صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

محترم قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری کے ساتھ ایک دورے پر دوالمیال گیا ہوا تھا وہاں کی جماعت نے جلسہ کا انتظام کیا ہوا تھا۔ جلسہ ہو رہا تھا کہ پتہ چلا کہ حضرت صدر صاحب (حضرت مرزا ناصر احمد صاحب) اور محترم مولانا ابوالعطاء صاحب تشریف لائے ہیں۔ جلسہ (بیت الذکر) میں ہو رہا تھا محترم قاضی صاحب نے کرسی صدارت حضرت صدر صاحب کے لئے خالی کر دی۔ حضور وہاں تشریف فرما ہو گئے۔ خاکسار احباب کے ساتھ کچھ فاصلے پر بیٹھا تھا۔ حضرت صدر صاحب نے مولانا ابوالعطاء صاحب سے آہستگی سے پوچھا کہ وہ کون ہے؟ (غالباً یہی پوچھا ہوگا) حضرت مولوی صاحب نے کچھ کہا اور میں نے یہ حیران کن منظر دیکھا کہ حضرت صدر صاحب اپنی کرسی چھوڑ کر میرے پاس آ گئے مجھے گلے سے لگا لیا اور فرمانے لگے آپ ملے ہی نہیں۔ شرمندگی بھی ہوئی اور وں میں مسرت کی ایک لہر بھی دوڑ گئی اس کے بعد حضرت صدر صاحب کے ساتھ کئی دوروں کا شرف حاصل رہا۔ حضور کی ان دوروں میں شفقت تو سب پر تھی لیکن میں سمجھتا تھا کہ مجھ پر سب سے زیادہ ہے۔ بعض اوقات تو بات ایسی ہو جاتی کہ میں شرمندگی سے پانی پانی ہو جاتا۔ راستے میں ایک دفعہ نماز پڑھنے کا پروگرام بنا اور تمام دوست وضو کرنے لگے۔ حضور میرے پاس تشریف لائے اور جلدی سے ہاتھ بڑھاتے ہوئے فرمایا ''اچکن مجھے پکڑا دیں''۔ یہ بھلا کیسے ہو سکتا تھا۔ لیکن اس نوازش نے دل پر ایک گہرا نقش چھوڑا۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر 224)

کس سیف سے ہم کاٹیں اس کیک کے تحفہ کو

محترم مولانا نسیم سیفی صاحب تحریر کرتے ہیں۔

حضور انور کا ایک مصرعہ آپ کی خدمت میں ان جذبات کے ساتھ پیش کرتا ہوں کہ ایسی محبت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بلند سے بلند درجات عطا فرمائے۔

ایک دفعہ میں نے گھر میں بنا ہوا ایک کیک حضور کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ کچھ دنوں کے بعد ایک تقریب میں حضور نے میرے کام کے پاس منہ کر کے فرمایا ع

''کس سیف سے ہم کاٹیں اس کیک کے تحفہ کو''

حضور نے پگڑی کا ایک تحفہ عنایت فرمایا تھا اس عنایت کے چند روز بعد میں شدید گرمی کے باعث ایک دن ٹوپی پہن کر دفتر چلا گیا اور خیال تھا کہ اس روز دفتری طور پر حضور سے ملاقات کی کوئی ضرورت پیش نہیں آئے گی لیکن حضور نے یاد فرما لیا اور دیکھتے ہی مسکرا دیئے اور فرمایا کہ آپ کو تو پگڑی دی تھی آپ نے ٹوپی پہنی ہوئی ہے۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 224)

دل کی محبت

محترم مولانا نسیم سیفی صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

حضور کی خلافت کے سترہ سال حضور کے قرب میں گزارے جب سیرالیون بھجوایا گیا۔ تو خط وکتابت کے

(باقی صفحہ 6 پر)

زہد وقناعت کی ایک جھلک

حضرت پیر سراج الحق صاحب نعمانی تحریر فرماتے ہیں۔

''ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ حضرت اقدس مسیح موعود نے شیخ حامد علی مرحوم کو جو دن رات آپ کی خدمت میں رہتے تھے اور جن کی نسبت آپ نے فرمایا تھا کہ حامد علی جیسا کہ اب دنیا میں میرے ساتھ ہے اسی طرح بہشت میں میرے ساتھ ہوگا۔ امرتسر کسی کام کے لئے روانہ فرمایا۔ چونکہ میں یوں تو ہمیشہ خدمت میں رہتا تھا۔ مگر خدمت کے طور سے مجھ سے کام نہیں لیتے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ حضور شیخ حامد علی تو امرتسر چلے گئے رات کو آپ کو تکلیف ہوگی۔ میرا جی چاہتا ہے کہ رات کو بھی آپ کی خدمت مبارک میں رہوں۔ اور جو کام آپ کے ہوں وہ بخوشی دل سے کروں مدتوں میں آج تمنا پوری ہوئی۔ فرمایا بہت اچھا۔ پھر میں بعد نماز عشاء اس کا تہیہ کر کے بیت مبارک کی چھت پر پہنچا۔ اس زمانہ میں ایک عشرہ کے لئے ایک چلہ کیا تھا اور وہ چلہ ایک خاص کام کے لئے دعا کا تھا۔ جب میں پہنچا تو فرمایا صاحبزادہ صاحب آ گئے ہیں میں نے عرض کیا آ گیا۔ آپ ٹہلتے رہے۔ اور کچھ دعائیں وغیرہ پڑھتے رہے پھر آپ نے کلام مجید یعنی حمائل ہاتھ میں لی اور مغربی منارہ پر لالٹین رکھ کر پڑھتے رہے درمیانی اور باریک آواز سے۔ میں بیٹھا رہا کہ جب کوئی کام حضرت اقدس فرمائیں گے میں کروں گا۔ خواہ تمام رات جاگنا پڑے۔ لیکن آپ نے مجھے کوئی کام نہ فرمایا۔ آپ نے اپنا کرتہ اتارا اور تہ بند باندھا۔ گرمیوں کے دن تھے فرش (بیت) پر لیٹ گئے اس پر بوریا (چٹائی) یا جانماز کچھ نہیں تھی۔ اور سیدھے لیٹ گئے۔ ہاتھ پیر پھیلا دیئے اور فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں بغیر چارپائی کے نیند نہیں آتی اور کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ ہمیں تو خوب خدا کے فضل سے زمین پر نیند آتی ہے اور ہاضمہ میں بھی کوئی فتور نہیں ہوتا۔ میں آپ کے پیر دبانے لگا۔ آپ نے فرمایا کہ صاحبزادہ صاحب رات بہت چلی گئی سو جاؤ تمہیں بہت تکلیف ہوئی ہمارے کام تو چلے ہی جاتے ہیں اور ہمیں کام ہی کیا ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے کوئی تکلیف نہیں ہے۔ بہت بہت سفر کئے پہاڑی ملک میں جانا پڑا بدن سدھا ہوا ہے۔ پھر فرمایا تم تو پیر ہو۔ پیروں کو تو عادت ہوتی ہے کہ بغیر چارپائی اور عمدہ بستر کے نیند نہیں آتی۔ میں نیچے سے تمہارے واسطے چارپائی اور بستر گدگدا اچھا سا لاتا ہوں۔ میں یہ سن کر خوف زدہ ہو گیا اور کانپنے لگا کہ ایسا نہ ہو کہ آپ یہ تکلیف گوارا کریں۔ میں نے عرض کیا کہ حضور مجھے زمین پر سونے کی واقعی عادت ہے کیونکہ چھ چھ ماہ اور سال سال بھر بھر کی چلہ کشیاں کی ہیں۔ چارپائی کا نشان بھی نہیں ہوتا تھا اور قادیان میں تو عموماً چارپائی پر کم لیٹنا پڑتا ہے اور حضور ایک تھوڑی سی بات کے واسطے تین منزل سے نیچے جائیں اور بوجھ لاویں مجھے یہ منظور نہیں اور نیز میرے والد صاحب شاہ حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم جو حضور کے دعوے سے پہلے گزر گئے انہوں نے بھی یہ عادت ڈال دی ہے اکثر زمین پر سلاتے اور سردیوں میں حالانکہ سب کچھ تھا گرم کپڑے نہ بنا کر دیتے اگر کوئی کہتا تو فرماتے کہ فقیری اور آرام طلبی جمع نہیں ہو سکتیں۔ حضرت اقدس .... یہ سن کر خوش ہو گئے فرمایا .... **ایسا ہی چاہئے اور احباب کو ایسا ہی کرنا چاہئے کہ آرام طلبی نہ ہو** .... ہمارا جی چاہتا ہے کہ ہمارے دوست واحباب ایسے بن جاویں کہ گویا فرشتے ہیں اور ابھی آسمان سے اترے ہیں یہ دنیا میں ہوں مگر نہ ہوں''

(الحکم 21 مئی 1924ء)

ماخوذ

تِل

موسم سرما میں بیماریوں کے خلاف ہتھیار

تل ہمارے ہاں صدیوں سے استعمال ہوتے ہیں، موسم سرما میں تلوں اور گڑ کے لڈو، ریوڑیاں، گچک کا بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ریوڑیاں اور گچک گڑ اور چینی سے بنتی ہیں۔جن پر تل چڑھائے ہوتے ہیں۔تل جہاں بطور غذا استعمال ہوتا ہے وہاں بطور دوا بھی استعمال ہوتا ہے۔

تل کے پودے کو انگریزی میں (Sesamum Indicum) اور زبان طب (فارسی) میں کنجد کہتے ہیں۔رنگ کے امتیاز کے باعث تل سفید اور تل سیاہ لکھا جاتا ہے۔کالے تلوں کے مقابل سفید تل بہتر اور زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔دنیا کے بیشتر ممالک میں اس کا پودا پایا جاتا ہے۔امریکہ، چین، اٹلی، جاپان، پاکستان، اور ہندوستان میں یہ بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔دیسی ادویہ میں تل اور تلوں کا تیل صدیوں سے استعمال ہوتا ہے۔اس کے علاوہ تلوں کا تیل غذاؤں میں بطور پکوان بھی استعمال ہوتا ہے۔اس تیل کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ عرصہ دراز تک خراب نہیں ہوتا۔تلوں میں تقریباً پچاس سے ساٹھ فیصد تیل پایا جاتا ہے جو غیر سیر شدہ تیل پر مبنی ہے۔یہ جلد خراب نہ ہونے کی خصوصیت رکھتا ہے۔اس میں وٹامن ای (حیاتین ہ) وٹامن بی (حیاتین ب) وٹامن بی 2 (حیاتین ب 2) کے علاوہ (Caroteme) موجود ہوتے ہیں۔

جدید تحقیق کے مطابق تلوں میں

لحمیات 22 فیصد

کاربوہائیڈریٹ 18 فیصد

ریشہ دار اجزاء 4 فیصد

راکھ 4.8 فیصد ہوتے ہیں۔

تلوں میں پروٹین اور روغن کے علاوہ دیگر اہم معدنی نمک بھی ہوتے ہیں جو 48 فیصد کے قریب ہوتے ہیں۔ان میں کیلشیم، میگنیشیم، فولاد، ایلومینیم، تانبا، نکل اور سوڈیم شامل ہیں۔تل میں کیلشیم سب سے زیادہ پایا جاتا ہے اور ایک فاسفورس آمیز چکنائی بھی پائی جاتی ہے۔جو جسمانی بافتوں اور اعصابی تقویت کے لئے اہم ہے۔انسانی دماغ اور غددوں کی صحت کا انحصار اس فاسفورس آمیز چکنائی پر ہے۔دماغ میں یہ مادہ تمام جانوروں سے زیادہ ہوتا ہے۔تل میں موجود اس فاسفورس آمیز چکنائی کو لیسی تھیسن کہتے ہیں۔تل کی ایک اور اہم خوبی یہ ہے کہ اس میں دھاتوں کا تناسب بھی کمال کا ہے۔جس دھات کی جسم کو زیادہ ضرورت ہے وہ زیادہ مقدار میں موجود ہے اور جس کی کم مقدار میں ضرورت ہے وہ کم ہے۔

تل وٹامن ای کا خزانہ ہیں، یہی وٹامن جسم انسانی میں طاقت بڑھانے میں مدد دیتی ہے، جلد بوڑھا نہیں ہونے دیتی اور اس کی موجودگی سے جلد پر جھریاں نہیں پڑتیں۔تلوں میں ایسے کیمیائی مرکبات بھی موجود ہیں جو جسم انسانی کی شکست و ریخت کو روکتے ہیں اور جسم کے خستہ خلیوں اور بافتوں کی تعمیر میں عجیب کرشمہ دکھاتے ہیں اس طرح جسم کے اعصاب کو تقویت دیتے ہیں، جس سے جسمانی امنگیں اور توانائیاں پیدا ہوتی ہیں۔قدرت کی یہ چھوٹی سی خوبرو نعمت آج کے خستہ اعصاب اور شکست و ریخت کے عمل کا شکار انسان کے لئے خصوصی تحفہ ہے۔خصوصاً وہ لوگ جو ذہنی دباؤ اور تناؤ کے باعث ڈپریشن کا شکار ہیں۔انہیں قدرت کی عطا کردہ نعمت سے موسم سرما میں بھرپور استفادہ کرنا چاہئے۔

طب مشرق میں تل اور اس کا تیل صدیوں سے مستعمل ہے۔موسم سرما میں عموماً بچوں کو بکثرت پیشاب کی شکایت ہو جاتی ہے، بعض بچے رات کو بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ان کو آدھی چمچی روزانہ تلوں کے تیل کا استعمال اس مرض سے نجات دلاتا ہے۔اسی طرح عمر رسیدہ لوگ بھی شدت سردی کے باعث موسم سرما میں بار بار پیشاب کے عارضہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ایسے لوگوں کے لئے تلوں کے لڈو بہت مفید ثابت ہوتے ہیں، کیونکہ عمر رسیدہ لوگوں کو ایسا اعصابی کمزوری کے باعث ہو جاتا ہے اور تل اعصاب کو طاقت بخشتے ہیں۔

تلوں کے چیدہ چیدہ فوائد

☆ تل کے شیرے کو پانی میں ملا کر چھان کر استعمال کرنا معدے کی جلن میں بہت مفید ہے، اس سے معدہ کی ترشی ختم ہو جاتی ہے۔

☆ ہلکے بھنے ہوئے تلوں کو سبز دھنیے پودینے، سبز مرچ، لہسن اور بھنے ہوئے سفید زیرے اور نمک کے ساتھ پیس کر لیموں کا رس ملا کر نہایت لذیذ اور تقویت بخش چٹنی تیار ہو جاتی ہے جو باجرہ، مکئی، گندم اور چنے کی روٹی کے ساتھ مزہ دیتی ہے۔

☆ تلوں کا استعمال پھیپھڑوں اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔

☆ تلوں کا استعمال جسم کو موٹا کرتا ہے۔

☆ تلوں کا استعمال جلد کی رنگت کو نکھارتا اور خارش کو ختم کرتا ہے۔

☆ تحقیقات جدید کے مطابق تلوں میں حیاتین اور پروٹین موجود ہوتے ہیں۔یہ دونوں اجزاء جلد ہضم ہونے والے ہیں جن کے کوئی مضر اثرات نہیں، گویا تلوں کو گوشت کے فوائد کا نعم البدل قرار دیا جا سکتا ہے۔

☆ تل کے پودے کے پتے اور پھول بھی بہت مفید ہوتے ہیں، تل کے پتوں کو بالوں کی مضبوطی اور درازی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، اس کا طریقہ کار یہ ہے۔

تازہ پتے لے کر کوٹ کر رس نکال لیں اور بالوں کی جڑوں میں مل لیا کریں، یہ عمل بالوں کی سیاہی کو عرصہ تک قائم رکھتا ہے۔

☆ تل انسان کو جسمانی اور دماغی دونوں اعتبار سے صحت مند رکھتا ہے۔

☆ تل میں ایسے کیمیائی مرکب بھی ہوتے ہیں جو کینسر کی روک تھام میں مفید ہیں۔

☆ تلوں سے حاصل کردہ تیل طب مشرق کی بہت سی ادویہ کا جزو ہے، ہمارے ہاں جو تیل مالش کے لئے مستعمل ہیں۔ان میں تلوں کا تیل جسے میٹھا تیل بھی کہتے ہیں، خصوصی جزو ہے۔

☆ فرانس میں تلوں سے تقویت کا ایک ٹانک تیار کیا جاتا ہے۔

☆ وہ لوگ جو دماغی کام کرتے ہیں اور گھمبیر مسائل کے سبب ذہنی دباؤ اور عصبی تناؤ کا شکار ہیں۔ان کے لئے تلوں کا استعمال نعمت ہے۔

☆ تلوں کا استعمال ہر عمر کے افراد یکساں کر سکتے ہیں اور ان کے فوائد ہر عمر کے افراد کے لئے یکساں ہیں۔

☆ مغزیات کا استعمال نامعلوم تاریخ سے ہے۔یہ زندگی کے ابتدائی دور سے استعمال ہو رہے ہیں، پھر ان کا استعمال کم ہونے لگا، اب جدید تحقیقات کے بعد پھر ان کا موسم سرما میں استعمال بطور قوت بخش غذا بڑھ گیا ہے۔

☆ تل زود ہضم ہیں۔ان میں لحمیات بہت زیادہ ہوتے ہیں، اتنے کسی اور سبزی میں نہیں ہوتے۔نباتاتی علاج کے عالمی ماہر ڈاکٹر کیلوگ کا کہنا ہے کہ تمام نباتاتی غذاؤں میں عمدہ پروٹین مغز کے اندر ہوتی ہے۔یہ حیوانات کے گوشت سے بھی زیادہ توانائی بخش ہے۔

☆ مغزیات جس میں تل بھی شامل ہیں کا استعمال ایک ٹانک کا درجہ رکھتا ہے، دماغی کام کرنے والے اسے ضرور استعمال کریں۔اس سے حافظہ بہتر ہوتا ہے، خون کی کمی جاتی رہتی ہے اور اعصاب کو تقویت ملتی ہے۔

☆ وہ لوگ جنہیں بلند فشار الدم (ہائی بلڈ پریشر) کا عارضہ ہو مغزیات کے استعمال سے احتیاط کریں ویسے بھی ہر شے کے استعمال میں اعتدال ہی کی راہ مناسب ہے اور یہی راہ فطرت ہے، عدم توازن ہی امراض پیدا کرتا ہے۔

تل کھانے کا طریقہ

تلوں کو بھون لیں اور تھوڑی مقدار شہد ملا لیں، روزانہ دو سے تین چمچ کھا سکتے ہیں۔

تلوں کو بھون کر رکھنے سے خراب نہیں ہوتے اور یوں ان کی عمر بڑھ جاتی ہے، تلوں کے کھانے کے بعد اگر سرکہ یا انار دانہ لے لیا جائے تو بہت بہتر ہے۔سرکہ یا انار دانہ معدہ کی کیفیت کو تبدیل نہیں کرتے، بلکہ معتدل رکھتے ہیں۔

(بقیہ صفحہ 5)

ذریعہ وہاں بھی قرب ہی محسوس ہوا۔اس دوران ایک دفعہ میری بیوی سے فرمایا لگتا ہے سیفی صاحب اداس ہو گئے ہیں بس اب واپس آنے ہی والے ہیں۔

اداس تو میں تھا یا نہیں لیکن حضور کی شفقت کا ایک مظاہرہ تھا اور اس شفقت کا ایک ایسا ہی بھرپور مظاہرہ پہلے یوں فرما چکے تھے کہ جب ایک ماہ کے لئے سیرالیون گیا تھا۔تو واپسی پر حضور نے فرمایا "لگتا ہے ایک سال وہاں رہ کے آئے ہو"

یہ حضور کے اپنے دل کی محبت تھی جس نے حضور سے یہ شفقت آمیز فقرہ کہلوایا۔

(سیدنا ناصر نمبر ص 236)

بے تکلف مزاح

محترم محبوب عالم خالد صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

حضور اکثر فرمایا کرتے تھے۔کہ اللہ تعالیٰ مجھے نعمتیں بھیجتا ہے۔میں وہ تقسیم کر دیتا ہوں۔اللہ تعالیٰ مجھے اور دے دیتا ہے چنانچہ ثاقب صاحب محترم اور ایک اور شاعر دوست مکرم کلیم عثمانی صاحب کو بھی حضور نے اپنے قلم مرحمت فرمائے تھے۔اس ناچیز خادم کو بھی ایک پارکر قلم عنایت فرمایا تھا۔اکثر اور بھی چیزیں دیتے رہتے تھے۔بعض دوست حضور سے دستخط والی تصویر کی درخواست کرتے تو اپنی تصویر مرحمت فرما دیتے تھے۔حضور بعض اوقات کام کرتے کرتے تھک جاتے تو اپنے اس ناچیز خادم سے کچھ مزاحیہ باتیں فرماتے۔ایسے ہی ایک موقعہ پر دفتر میں کام سے فارغ ہو کر اٹھے تو مجھے میز پر حضور کی ایک رنگین تصویر نظر آئی۔حضور سے عرض کیا۔حضور دستخط فرما کر مجھے دے دیں تو مہربانی ہوگی۔میز پر تصویر کے ساتھ ایک ہی لفافہ پڑا تھا۔وہ اٹھا کر اس کی پشت پر دستخط فرما دیئے اور لفافہ خاکسار کو دے دیا۔اور مسکراتے ہوئے فرمایا تم نے اسی لفافے کی طرف اشارہ کیا تھا نا؟ خاکسار نے اسے کھول کر دیکھا تو اس میں کپڑے کے نمونے کی کترنیں تھیں۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 227)

☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 53251 میں Ebrima Bayo

ولد Alieu Bayo پیشہ ٹیچر عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گیمبیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 11-4-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ موٹر سائیکل مالیتی -/D15000 2۔ دوکان ایک عدد۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3600 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور آمد از دوکان مبلغ -/300 ماہانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Ebrima Bayo گواہ شد نمبر 1 Ebrahim Skfofana گواہ شد نمبر 2 Koramo Touray

مسل نمبر 53252 میں Musa Bah

ولد Mamadou Bah پیشہ مشنری عمر 30 سال بیعت 1995ء ساکن گیمبیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-8-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/D800 ماہوار بصورت مشنری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Musa Bah گواہ شد نمبر 1 Mamadi Ceesay گواہ شد نمبر 2 Abdoulic Ceesay

مسل نمبر 53253 میں

Abdou Rahman Cham

ولد Sanna Kcham پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گیمبیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/D500 ماہوار بصورت Stipend مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdou Rahman Cham گواہ شد نمبر 1 Musa.B.Kintfh گواہ شد نمبر 2 Ousman Darbao

مسل نمبر 53254 میں

Lang Janteh Singhateh

S/O Ndambung Singhateh

پیشہ لیبر عمر 62 سال بیعت 1970ء ساکن گیمبیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 22-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/D2000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Lang Janteh Singhateh گواہ شد نمبر 1 Ousman Darbao گواہ شد نمبر 2 Karamo Tpuray

مسل نمبر 53255 میں

Abdul Azeez.A. Elemosho

ولد Ahmed Elemosho پیشہ کاروبار عمر 34 سال بیعت 1995ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 30-1-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/45187 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdul Azeez A. Elemosho گواہ شد نمبر 1 نسیم احمد بٹ گواہ شد نمبر 2 یعقوب مصطفےٰ

مسل نمبر 53256 میں

Bilal Ibrahim Badamasi

S/O Ibrahim Bada Masi

پیشہ ملازمت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 31-12-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/9000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Bilal Ibrahim Badamasi گواہ شد نمبر 1 یعقوب مصطفےٰ گواہ شد نمبر 2 نسیم احمد بٹ

مسل نمبر 53257 میں

Kudirat W/O Nasiru

پیشہ ٹیچنگ عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-1-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ حق مہر بذمہ خاوند -/200 نائیجیرین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/24591 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Kudirat گواہ شد نمبر 1 عبدالحکیم نائیجیریا گواہ شد نمبر 2 حافظ مصلح الدین نائیجیریا

